74901-بچے کو دودھ پلانے سے وضوء نہیں ٹوٹتا

سوال

کیا نماز کے لیے وضوء کرنے کے بعد بچے کو دودھ پلانے سے وضوء ٹوٹ جاتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

اہل علم میں سے کسی ایک نے بھی بچے کو دودھ پلانا نواقض وضوء میں شمار نہیں کیا، اور پھر وضوء توڑنے والی اشیاء تو محصور و محدود ہیں اور چند ایک ہیں جن کا سوال نمبر (14321) کے جواب میں بیان ہو چکا ہے.

علماء کرام اس پر متفق ہیں کہ سبیلین (یعنی پیشاب اور پاخانہ کی راہ) کے علاوہ کہیں اور سے نکلنی والی طاہر اشیاء ناقض وضوء نہیں، لیکن اگر بدن سے خارج ہونے والی چیز نجس ہو تو پھر علماء کا اختلاف ہے کہ آیا اس سے وضوء ٹوٹتا ہے یا نہیں ؟

اس کی تفصیل سوال نمبر (45666) کے جواب میں بیان ہو چکی ہے اس کا مطالعہ کریں.

دیکھیں : الموسوعۃ الفقھیۃ (111/17).

واللہ اعلم .